ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال کنجوانی میں ماہر امراض قلب کی آمد سے دل کے مریضوں کو گھر کی دہلیز پر علاج کی سہولت میسر

ہفت روزہ پیغام کنجوانی | جلد ۲۷ شمارہ ۴۱ | ۱۱ تا ۱۷ نومبر ۲۰۲۳ء | ۶ تا ۱۲ ربیع الثانی ۱۴۴۵ھ | صفحات ۱۶ | قیمت ۱۵۰ روپے | ISSN: 0304-5593062 | فون: 830028 | ای میل: payam@kanjwani.pk | رجسٹرڈ اخبار نمبر 228 | ڈاک ایڈیشن | ۱۹ نومبر کو شائع ہوا

ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال کنجوانی میں ماہر امراض قلب کی آمد سے دل کے مریضوں کو گھر کی دہلیز پر علاج کی سہولت میسر

رپورٹ: ثمینہ فاروق، سٹاف رپورٹر

کنجوانی (پ ر) 11 نومبر: ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال کنجوانی میں جمعرات 9 نومبر سے ماہر امراض قلب ڈاکٹر سید ذوالفقار حسین نقوی کی ہفتہ وار او پی ڈی کا آغاز ہو گیا ہے۔ اس سہولت کے شروع ہونے سے پہلے ضلع کے دل کے مریضوں کو علاج کے لیے 120 کلومیٹر دور ملتان یا لاہور جانا پڑتا تھا، جس پر اخراجات کے علاوہ کئی کئی دن کا سفر بھی برداشت کرنا پڑتا تھا۔ ڈاکٹر ذوالفقار حسین نقوی ہر جمعرات کو صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ہسپتال کے کارڈیالوجی سیکشن میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر نسرین اختر چیمہ نے بتایا کہ ایمرجنسی میں آنے والے سینے کے درد کے مریضوں کے لیے ایک ایمبولینس بھی مختص کی گئی ہے تاکہ ہنگامی صورت میں مریض کو بروقت ٹرامہ سینٹر منتقل کیا جا سکے۔

ڈاکٹر ذوالفقار حسین نقوی نے پہلے ہی روز 46 مریضوں کا معائنہ کیا، جن میں سے 11 کو فوری انجیوگرافی کے لیے منتخب کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ضلع میں دل کے امراض کی شرح اس لیے بھی زیادہ ہے کہ بڑی تعداد میں لوگ بروقت تشخیص نہ ہونے کی وجہ سے شدید حملے کا شکار ہوتے ہیں۔ ’’اگر مریض کو ابتدائی علامات پر ہی سہولت میسر ہو تو بہت سی قیمتی جانیں بچائی جا سکتی ہیں، اسی لیے ہم نے ہفتہ وار دن مقرر کیا ہے تاکہ کوئی مریض مایوس واپس نہ جائے۔‘‘

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کنجوانی میں ماہر امراض قلب کی آمد سے دل کے مریضوں کو گھر کی دہلیز پر علاج کی سہولت میسر